On April 13, a second agreement was signed with AMOCO and another with TOTAL of France, for exploration in a 30,000 square mile area, including parts of Sibi and Loralai districts in Baluchistan. These two companies, working jointly, have already started seismic surveys in parts of these areas.

The Minister says his group also plans to drill in December in its old concession area near Multan, where preliminary surveys have been completed.

Mr. Sherpao is hopeful that with both economic and political stability and positive Government policies, Pakistan can become one of the major petroleum exploration targets.

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00

Send cheques to

The Crescent Toronto P.O. Box 303, Station D

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان

Name

Address

بہنوں کی محفل

عورت کو ضعیف العقیدہ اسکے خدائے مجازی نے بنایا ہے

روحی علی اصغر (کراچی)

آنکھ کھولی تو ... عورت جب تک ... [illegible] ... ہے ...

جہاں تک عورت ... [illegible]

نہیں ہرگز ... [illegible] ... بچے کا صورا ... گیا تھا

ایام جاہلیت میں تو عورت کا جرم ہی یہ تھا کہ وہ عورت تھی لیکن جب اسلام کے بعد عورت کے مراتب بلند کئے گئے اور اس کے حقوق کو قطعی حفاظت اور پاسداری کی گئی اس کی مثال اسلام سے قبل کسی تاریخ میں نہیں ملتی۔

قرآن کریم میں مرد عورت اور مرد دونوں کے لئے یکساں حصول علم کی تاکید کی گئی ہے۔ قصہ آدم میں فرشتوں کو سجدہ کا حکم اسی لئے دیا گیا تھا کہ دنیا پر علم کی فضیلت اور انسان کی عظمت کو ظاہر کیا جائے لیکن مرد نے عورت پر علم کے دروازے بند کر دیئے۔ قرآنی علم کی ... اور محکوم رکھنے کے لئے اس نے عورت سے فکر و عمل کی آزادی چھین لی ... عورت کو ضعیف العقیدہ ... بنا دیا گیا ... "خدائے مجازی" ... اسی جب گم ہو گئی تو اس کی اپنی کوئی ...

[illegible]

معاشرے میں بے سکونی کی بنیادی وجہ عورت کی معاشرتی ... اور ناسازگاری ... ہے۔

ا۔ کیا حکومت کی باگ ڈور عورت کے ہاتھ میں ہے؟
۲۔ کیا قانون بنانے اور اس کا ... ؟
۳۔ ایٹم بم کس کی اختراع ہے؟
۴۔ کیا کارخانوں اور ملوں کی مالک عورت ہے؟
۵۔ ...
۶۔ کیا ... ؟
۷۔ دفتروں میں افسر کی کرسی پر کون بیٹھا ہے؟
۸۔ ملازم عورت کا سربراہ ... کون ہوتا ہے؟
۹۔ گھر میں ... کس کی ہے؟
۱۰۔ معاشرے میں ... ذمہ دار کون ہے؟

[illegible]

حاصل حسن و گداز
بس اک قدم اور پھر گٹر

ایک دن کسی بات پر ... بیوی نے کہا دور ہٹ جاؤ! ملا ابن الغور گدھے پر سوار ہو کر شہر سے پانچ میل دور چلے گئے اور وہاں سے اپنی بیوی کو خط لکھ کر پوچھا یہ فاصلہ کافی ہے یا اس سے بھی زیادہ دور چلا جاؤں؟

سوال نمبر ا۔ "عورت" یہ لفظ اردو زبان میں استعمال ہوتا ہے لیکن اصل میں یہ لفظ اردو زبان کا نہیں ہے۔ کیا آپ یہ بتا سکتی ہیں کہ "عورت" کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

سوال ۲۔ پاکستان کا قومی ترانہ تو ہم اکثر و بیشتر سنتے رہتے ہیں۔ کیا آپ بتا سکتی ہیں کہ ہمارا قومی ترانہ بجنے میں کتنا وقت لگتا ہے۔؟

سوال ۳۔ کلوروفارم ایک مشہور دوا ہے جسے عام طور پر آپریشن وغیرہ سے پہلے ڈاکٹر مریض کو بے ہوش کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ کیا آپ کو معلوم ہے کلوروفارم کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟

سوال ۴۔ "ٹینگ پانگ" ایک مشہور کھیل ہے جو پاکستان میں بھی بڑے شوق سے کھیلا جاتا ہے۔ کیا آپ جانتی ہیں کہ کس معروف کھیل کا دوسرا نام ہے۔؟

سوال ۵۔ بکنگھم پیلس برطانوی شاہی خاندان کی رہائش گاہ ہے۔ کیا آپ کو یہ علم ہے کہ اسے سب سے پہلے کس برطانوی ملکہ کے عہد میں شاہی رہائش گاہ کی حیثیت سے استعمال کیا گیا۔؟

سوال ۶۔ قدیم زمانے میں ایک قوم ایسی بھی گزری ہے جو اپنے فتح کئے ہوئے علاقوں میں گلاب کی کاشت کرتی تھی۔ کیا آپ اس قوم کا نام بتا سکتی ہیں؟

سوال ۷۔ ... دنیا بھر میں سب سے بڑا علمی اعزاز ... کون سا ہے ... ؟

سوال ۸۔ خواتین کی پردہ نشینی تو کوئی خاص بات نہیں ہے لیکن افریقہ میں ایک ایسا قبیلہ پایا جاتا ہے جس کے مرد اپنے چہرے پر نقاب ڈالتے ہیں ذرا اس قبیلے کا نام تو بتائیے۔

سوال ۹۔ شداد نامی ایک شخص نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور شاید آپ یہ جانتی ہوں کہ شداد نے ایک جنت بھی بنائی تھی کیا آپ اس جنت کا نام بتا سکتی ہیں؟

سوال ۱۰۔ "ردیف" اردو کے کسی مشہور شاعر کا پہلا مجموعہ کلام ہے؟ آپ کی آسانی کے لئے یہ بتا دیتے ہیں کہ انہیں شاعر شباب بھی کہا جاتا ہے۔

جوابات

ا۔	عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب چھپانا لازمی ہے۔	(اردو دائرۃ المعارف انسائیکلوپیڈیا)
۲۔	اسی سیکنڈ میں۔	(ایک ہزار ایک سوالات)
۳۔	میٹھا ہوتا ہے۔	(کولنز جنرل کوئز بک)
۴۔	ٹیبل ٹینس	(بی بی سی۔ ٹی وی کوئز بک II)
۵۔	ملکہ وکٹوریہ	(ورلڈ بک آف ہسٹری)
۶۔	ایرانی قوم	(دی بک آف نالج)
۷۔	نوبل پرائز ...	(کولنز جنرل انسائیکلوپیڈیا)
۸۔	تواریق قبیلہ	(ماسٹر پیسز آف افریقہ)
۹۔	ارم	(ریڈیو پاکستان)
۱۰۔	جوش ملیح آبادی	(مشرب۔ تاریخ ادب اردو نمبر)

تاج محل کے سامنے

سامنے ہے حسین تاج محل
پریم ساگر میں جیسے ایک کنول
اپنے فن سے سبھی جادو ... کا
عشق کے سر کا تاج تاج محل
جیسا کل تھا ہے آج تاج محل
گو حریت ہے وقت کی رفتار
بادشاہوں نے بادشاہی کی
نقرئی آو ... کی
ایک جذبہ الگ ... سیاہ
دشت میں آب ... عالم میں
مسکراہٹ میں ... غم میں
کاوش سے ملی ہے عشق کا ...
...
دیکھیے ... دل سے ہے گلشن
میں ہوں ابھی ... کا ... میار
شفیق الرحمٰن ... (کراچی)

حضرت شبلیؒ نے ایک حکیم سے کہا کہ مجھے گناہ کا مرض ہے اگر اس کی دوا بھی آپ کے پاس ہو تو عنایت کیجئے یہاں ... باتیں ہو رہی تھیں اس لئے ایک شخص تنکے چننے میں مصروف تھا ... سر اٹھا کر ... اس کی دوا ... بتا دوں ...

ایک ... مسیح ... گزر ... رکھنے میں ... کی ... تمہارے ... سے ... جس وقت ...

... غائب ہو چکا تھا۔

مہذب کون؟

تحریر: سلطانہ مہر

کہتے ہیں کہ ایک جہاز سمندر میں ڈوب گیا۔ مسافروں میں سے دو آدمی تیرتے ہوئے ایک جزیرے غیر آباد علاقے میں پہنچ گئے۔ کوئی بیس برس بعد کوئی جہاز وہاں سے گزرا تو ان لوگوں کو وہاں سے واپس لایا گیا مگر تین سال کے اس عرصے میں دونوں نے ایک دوسرے سے کوئی بات نہیں کی۔

کیا وہ گونگے تھے؟ ...... جی نہیں وہ انگریز تھے اور انہوں نے بات چیت اس لئے نہیں کی کہ کوئی تیسرا شخص ان کا آپس میں تعارف کرانے کے لئے موجود نہ تھا۔ اب تو یہ بات ختم ہوتی جا رہی ہے کیونکہ ہر جگہ کی نئی نسل پچھلے آداب و تکلفات کو ناپسند کرتی ہے لیکن ایک زمانے میں واقعی انگریز قوم بڑی سختی سے ان آداب کی پابندی کرتی تھی کہ جس شخص سے تعارف نہ ہوا اس سے بات نہ کی جائے۔

انگریزوں نے برصغیر پر سو برس سے زیادہ عرصے حکومت کی اس لمبے عرصے میں اس طبقے نے جو خود کو طبقہ اشرافیہ کہلانا پسند کرتا تھا، حکمران طبقے کی عادتیں اور رہن سہن اختیار کیا ان کی زبان سیکھی ان کا سا سوچنے کا ڈھنگ اختیار کر لیا چنانچہ ہمارے ہاں بھی یہ بات آداب میں داخل ہو گئی کہ تعارف کے بغیر کسی سے گفتگو نہ کی جائے۔

آج جن گھرانوں میں انگریزی تعلیم کو تین چار پشتیں گزر چکی ہیں ان میں اب بھی کسی اجنبی سے بات چیت چھیڑنا بد تہذیبی تصور کیا جاتا ہے لیکن خوش قسمتی سے ہونٹ بھینچے رہنے اور لئے دیئے رہنے کی یہ عادت مردوں تک محدود رہی خواتین نے اسے قبول نہیں کیا یہی وجہ ہے کہ خواتین آپس میں بہت جلد گھل مل جاتی ہیں۔

مرد صرف ایک معاملے میں اجنبی سے بات کرتے ہوئے نہیں جھجکتے ہیں اور وہ ہے سگریٹ جلانے کے لئے ماچس مانگنا لیکن کوئی مرد کسی دوسرے اجنبی مرد سے یہ ہرگز نہیں پوچھے گا کہ پتلون کا یہ کپڑا آپ نے کیا بھاؤ لیا یا کہاں سے خریدا لیکن خواتین عام طور سے ان تکلفات کی عادی نہیں ہوتیں۔ وہ بس میں بھی دوسری اجنبی خاتون سے پوچھ لیں گی کہ یہ چھینٹ بڑی پیاری ہے آپ نے کہاں سے خریدی۔

یہ بے تکلفی سادگی اور خلوص کی دلیل ہے جو خواتین کا خاصہ ہے۔ میں نے تو ایک بار دیکھا کہ بس میں دو بہنوں نے ایک دوسرے کے دوپٹے کی تعریف کی اور ذرا دیر بعد دونوں نے دوپٹے بدل لئے۔ کبھی مردوں کو اس طرح قمیض یا کوٹ بدلتے کسی نے نہ دیکھا ہوگا۔

کہتے ہیں جب انسان وحشی تھا تو سب الگ الگ رہتے تھے۔ ایک دوسرے سے کوئی ملاقہ نہ تھا جب انہوں نے مل جل کر رہنا سیکھا تو یہ سمجھا اور تسلیم کیا گیا کہ وہ نسبتاً مہذب ہو گئے۔ گویا میل جول کا میلان اور ایک دوسرے سے تعلقات پیدا کرنے کا رجحان تہذیب کی نشانی ہے اور یہ شے مردوں کے مقابلے میں عورتوں کے پاس زیادہ یقینی طور پر موجود ہے۔ خواتین فطرتاً مردوں کے مقابلے میں زیادہ مہذب اور زیادہ سوشل ہوتی ہیں۔

شعروں سے دل بہلائیے



ان کے دل سے پوچھئے شوق و طلب کی لذتیں
تیرگی میں رہ کے جو ... سحر کرتے ہیں
شائستہ ...

ڈار سے بچھڑی کونج ہو جیسے
دل ہے تجھ بن تنہا ایسے
محمد ابراہیم

زندہ رہے تو آن کو بھی اک دن دکھائیں گے
کتنا اثر ہے ہجر کے ماروں کی آہ میں
...

خدا نصیب ... ان کو رانی خوشیاں
عدم وہ لوگ جو ہم کو اداس رکھتے ہیں
... اختر

روشن کئے ہیں دل میں تمناؤں کے چراغ
ویران بستیوں میں سماں سے بہانے ہیں
... مرزا

پاس وفا کو بھی ہمیشہ وہ چھپائے رہا
اس کا انداز تغافل تھا خدا ہی جیسا

...
یہ نہیں کہ تم سا جہاں میں کوئی حسیں نہیں
اس دل کو کیا کروں یہ بہلتا کہیں نہیں
...

اس جہاں میں ... ہم کیا چاہیں ہم کیا مانگیں
جو چاہا ہم کو ملا ... وہ ہم پا نہ سکے
ایم۔ ایچ شیدائی

...
... گزر گئے
ایم۔ خورشید بٹ

...
اس زندگی کا کیا مزا ...

...
بیگم کی بہن ہونے کا دعویٰ کرنے والی لڑکی نہیں ہے۔ ... فلم انڈسٹری ... ختم ہو چکا ہے۔ اور وہ اپنے والدین کے پاس جلد پہنچ گئی ہے ... کو سچ ثابت کرنے کے لئے ... کا ... بدولت ... بہن ثابت کرنے کے لئے نہیں نے جو پیغام ... نے فلمی حلقوں کو بہت متاثر کیا ہے۔ اس کی ... سے متاثر ہو کر بہت سے فلم سازوں اور ہدایت کاروں نے ... اپنی فلموں میں کام کرنے کی پیشکش کی ... فلم ساز ... انہیں ... فلم ساز ... قیمت کر ... کا ارادہ بھی رکھتے ہیں۔

... ent. Pak- ... ad offices ... y of the ... Kingdom. ... argest in- ... a total of ... company ... including ... cu ft of ... an Petro- ... dertake a ... n. It cur- ... Pakistan ... of about ... eking to ... nts with ... invest in ... ed in the ... density ... sq miles, ... is one of ... awarded ... both on- ... veral ap- ... the gov-

... TION ... TH ... ES

... Minister ... ent has ... drive in ... foreign ... interest ... agree- ... ing the ... of the ... of West ... jects in ... ent was ... er with ... on in a ... g parts ... aluchis- ... working ... nic sur- ... also ... its old ... ere pre- ... mpleted. ... th both ... ad posi- ... an can ... troleum

نواب اکبر بگٹی — بلی تھیلے سے باہر!

پچھلے دنوں نواب اکبر بگٹی کی وحدت پاکستان کی بلی تھیلے سے باہر آ گئی اور وہی وحدت طلبی جس ان کے بارے میں جو شکوک و شبہات محسوس کیے جا رہے تھے وہ اب یقین کی حد تک پہنچ گئے پاکستان کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی سازش میں شریک ... سلسلہ ... گیا اور موجودہ گورنر بلوچستان نواب اکبر بگٹی کے دل کی بات ان کی زبان پر آ گئی ہے اور انہوں نے ... علاقے کا ... کرنے والے کالموں کی ... شکل میں ... پر ... کر ... تمام ملکوں کو باہمی مسائل طے کرنے کے ... ایک دوسرے کی سالمیت و استحکام کو ... ایک ... کنفیڈریشن قائم کر لینی چاہیے۔ انہوں نے ... پاکستان، ایران، افغانستان ... بھارت ... کر ... بیٹھے ہیں۔

پیش نظر اس حقیقت کے کہ ان ملکوں میں کوئی ایسی قدر مشترک نہیں جو مجوزہ کنفیڈریشن کی بنیاد ... اتحاد بن سکے ... کنفیڈریشن ... سازی کے شوق میں ... صاحب ... کی مثال دیتے وقت یہ بھول جاتے ہیں کہ اس فرق اتفاق میں شامل مصر، شام، لیبیا، عراق جیسے مذہب، نسل، زبان، تہذیب و ثقافت کی مشترک اقدار ... اتحاد بنی تھیں ... اہل ارباب اقتدار سے ... الفاظ میں کہیں گے کہ اگر یہ حکومت کی پالیسی نہیں تو پھر اس آدمی کو بھی ملنا چاہیے جو کنفیڈریشن کی سفارش کر رہا ہے۔ کنفیڈریشن کی تجویز کا صاف مطلب تو یہ ہے کہ نواب اکبر بگٹی نہ صرف مشرقی پاکستان میں روس کی زیر سرپرستی بھارتی جارحیت کے سامنے سرتسلیم خم کرنے کے علاوہ ... پاکستان کو بھارت کی جھولی میں ڈالنا چاہتا ہے۔

پاکستان، ایران، افغانستان، بھارت، ... اور نیپال کی کنفیڈریشن کا مطلب یہ ہے کہ ... سب سے بڑی طاقت ... بھارت ... کی بالادستی ... ان کی ... رہے گی ...

... بھارت ... کے دوسرے تمام ملکوں ... بڑا ملک اور ... طاقت ہے بلکہ وہ اپنے ... ایشیا ... کے خواب ... مشرقی پاکستان ... بھی ... [illegible]

اب جبکہ پاکستان ... ہوئی ہیں اور ... پاکستان میں ایسے ... بیٹھے ہیں کہ وہ بھارت کے متوقع حملے کا مقابلہ کرنے کی تیاریوں میں مصروف ہونے کی بجائے پاکستان کو ابھرتے ہوئے برہمنی سامراج کی جھولی میں ڈالنے کی تجویزیں پیش کر رہے ہیں۔

نواب اکبر بگٹی کی مجوزہ کنفیڈریشن تو وہی کچھ ہے جو روس کہہ رہا ہے۔ روس بھی تو یہی چاہتا ہے کہ اس علاقے کی سب سے بڑی طاقت بھارت کو روس کی سرپرستی میں تسلیم کر لیا جائے۔ امریکی صدر نکسن نے بھی خارجہ پالیسی سے متعلق اپنے بیان میں یہی کہا ہے کہ ... مشرقی پاکستان کے ... بھارت ایک بڑی طاقت بن چکا ہے ... سنگاپور تک جنوب مشرقی ایشیا میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی ہیں ... پاکستان کے ... امریکہ ... بھارت ... اس علاقے ... ان دونوں میں اختلاف یہ ہے کہ ... سامراج ... روس کے ساتھ تعلقات ... اسے اپنے کیمپ میں داخل ... جاتا ہے ... روس ... اس علاقے میں اپنی ... قائم کرنا چاہتا ہے۔

نواب اکبر بگٹی بلوچستان کے گورنر ہیں ... سرکاری ... کچھ ... کہ یہ حکومت ... جائز ہوتا ہے کہ ... عوام ... بتایا جائے کہ نواب اکبر بگٹی نے جو کچھ کہا ہے وہ سرکاری پالیسی ہے یا نہیں ... اور اگر جواب نفی میں ہے ... یقیناً نفی میں ہے کیونکہ اس ملک کے عوام ہرگز ہرگز یہ نہیں چاہتے تو پھر یہ بتایا جائے کہ نواب اکبر بگٹی کس کی ایجنٹی کر رہے ہیں اور انہیں کیوں مسند اقتدار پر فائز کر کے عزت و توقیر بخشی گئی ہے اور بلوچستان میں ماحول کی پراگندگی سے انہیں کیوں بری الذمہ قرار دیا جا رہا ہے؟

[illegible] سازگار ماحول پیدا کرنے کی کوشش کریں، صدر بھٹو

[illegible]

غزل

[illegible]

سرراہے

کراچی کے ایک اخبار کی روایت ہے کہ سابق صدر یحییٰ خان جو ان دنوں ایبٹ آباد میں ہیں آجکل اپنا زیادہ تر وقت کسرت اور ورزش میں گزار رہے ہیں اخبارات کا باقاعدہ مطالعہ کرتے ہیں اور ٹیلی ویژن کے تمام پروگرام دلچسپی سے دیکھتے ہیں۔

ہم یہ عرض کرنے کی پوزیشن میں نہیں کہ یحییٰ خان کس قسم کی کسرت کرتے ہیں، ڈنڈ پیلتے ہیں، بیٹھکیں نکالتے ہیں یا فوجی طرز کی پی ٹی کرتے ہیں اور کس "جہاد" یا "دنگل" میں شریک ہونے کی تیاریاں کر رہے ہیں لیکن یہ اخبارات کے مطالعہ اور ٹی وی دیکھنے کے ذکر یعنی حالات حاضرہ میں ان کی دلچسپی سے ماتھا ٹھنکا ہے معلوم نہیں وہ کس آستان کو سجانے کی تیاریاں کر رہے ہیں ؎

ترے آستاں کو سجاؤں گا میں ہزار سجدہ شوق سے
وہ تو میرا گھر تھا اجڑ گیا یہ ہے تیرے گھر کا سنگار

یحییٰ خان کو جب نظر بند کیا گیا تھا تو ایک ناظر نے بھی کہا تھا کہ ؎

یا رب یہ عیش کوش کو عالم دوبارہ نیست
کے مسلک کا ... دین و وطن شاید بار ندامت یا ضمیر کی خلش کے ہاتھوں مجبور ہو کر اتنی بلندی سے ... کہ اس کے دماغ کی شریانیں پھٹ جائیں گی کیونکہ ؎

اک بار خطا ہو جاتی ہے سو بار ندامت ہوتی ہے
لیکن پتہ نہیں وہ کس مٹی کا بنا ہوا کہ سب کو ننگا کرنے کی دھمکیاں دینے لگا اور اس غاصب و غدار پر مقدمہ چلانے کا عوامی مطالبہ پس منظر میں کھسکتا چلا گیا۔

کافی عرصہ پہلے یہ خبر آئی تھی کہ یحییٰ خان نے شراب ترک کر دی ہے۔ ہمارے لیے یہ خبر حیرت کا موجب بنی تھی کہ شراب جس کے رگ و پے میں رچ بس گئی ہو ... میں خون کی بجائے شراب گردش کرتی ہو اور ... شراب نوشی ... [illegible]

[illegible]

... تسلیم کرنا پڑا کہ یحییٰ خان ...

... تو شاید ... تو اٹھنا رہیں یہ کالی گھٹائیں
کی تصویر بن گئے ہیں اور کل کلاں کو اگر یہ خبر آئے کہ یحییٰ خان حج بیت اللہ کے لیے جا رہے ہیں تو ہم اسے بھی بلا تامل تسلیم کر لیں گے کہ ؎

کہ ہم نے انقلاب چرخ گرداں یوں بھی دیکھا ہے

پیپلز پارٹی کے بائیں گروپ کے ایک رکن مسٹر احمد رضا قصوری نے گزشتہ روز قومی اسمبلی میں ایک تحریک التوا پیش کی اور یہ الزام لگایا کہ ملتان میں متحدہ جمہوری محاذ کے جلسہ کو درہم برہم کرنے کے لیے فیڈرل سیکورٹی فورس استعمال کی گئی تھی اور راولپنڈی میں بھی ایسا ہی امکان ہے۔ اس پر وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے ... شیر قالین اور "ٹرپل ایکس خان" بننے کے بعد ؎

پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

کا فلسفہ آزما رہے ہیں، اس الزام کی تردید کی اور کہا کہ فیڈرل سیکورٹی فورس نے ملتان یا کسی دوسری جگہ متحدہ جمہوری محاذ کے جلسہ میں مداخلت نہیں کی یعنی ملتان یا لاہور میں شہروں کی آنکھوں دیکھی اور کانوں سنی ... ؎

خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

کے مصداق ہے ... خان عبدالقیوم کا ارشاد ان کی دفتری فائلوں کے لحاظ سے درست ہو یعنی سرکاری فائلوں سے ایسی کسی مداخلت کا پتہ نہ چلتا ہو لیکن خان صاحب سے ہم یہ عرض کیے بغیر نہیں رہ سکتے ؎

سفینوں کے ڈبونے پر خدا کو بھولنے والو!
سفینوں کو تو ہوتے غرق طوفاں ہم نے دیکھا ہے

خان صاحب تو خود ملتان تشریف لے گئے نہ وہ بنفس نفیس لاہور ہی تشریف لائے کہ ہجوم ناشناس کا تماشا دیکھتے۔ لیکن ہمیں اس خیال ہے کہ وہ وزیر داخلہ ہیں ان کا کہنا ... ملتان میں اور لاہور ... فیڈرل سیکورٹی فورس کے ... [illegible]

[illegible]

شخصیت

عبدالحفیظ پیرزادہ

گورا رنگ، ستواں کوہستانی چہرہ، موزوں قد، دراز گیسو، جسم دبلا مگر بھرا بھرا سا، عمر ۴۳ سال، وزیر ابن وزیر بھٹو صاحب کے تیس سالہ دوست ... یہ ہیں وزیر قانون، پارلیمانی امور اور تعلیم جناب عبدالحفیظ پیرزادہ، سابق مرکزی وزیر اطلاعات اور سابق وزیر اعلیٰ سندھ جناب عبدالستار پیرزادہ کے فرزند ارجمند۔

صدر بھٹو کے پرانے رفقاء میں سے ہیں۔ ۱۹۵۵ء میں "لنکنز ان" لندن سے بیرسٹری کر کے لوٹے تو کراچی میں پریکٹس کا آغاز اس طرح سے کیا کہ جناب ذوالفقار علی بھٹو کے چیمبر میں شامل ہو گئے ... بھٹو صاحب وزیر ہو گئے مگر پیرزادہ وکیل ہی رہے ... اور جلد ہی بڑے وکیل ہو گئے۔ بھٹو ایوب خان کے وزیر جناب آفتاب احمد ... پر مقدمات قائم ہوئے تو پیرزادہ بھٹو صاحب کی وکالت کے لیے میدان میں تھے۔ ۱۹۶۸ء میں ڈیفنس آف پاکستان رولز ... ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس جو گذشتہ سال ... موجودہ حکومت کے مخالفین پر ... بھٹو صاحب کے خلاف حرکت میں آیا ... وہ گرفتار ہوئے تو میاں محمود علی قصوری کے ساتھ جناب پیرزادہ نے بھی ڈی پی آر ... کی وکالت کی۔

۱۹۶۷ء میں ... پیپلز پارٹی ... سرگرم رہنما ... ۱۹۷۰ء ... کی ... پارٹی کی مرکزی کمیٹی قائم ہوئی تو اس کے بھی رکن بنائے گئے۔ مسٹر ... خان انہیں حریف اول سمجھتے اور ان کے خلاف چالیں چلتے رہے۔ حفیظ کی کامیابی پر ان کا ... چھوٹی ... برہم ... مگر حفیظ سرخرو ہوئے ... اور ... نے ... ایک ... ۔

پیرزادہ کراچی سے قومی اسمبلی کے رکن ہیں۔ صدر بھٹو نے اقتدار سنبھالا تو پہلے ... وزیر تعلیم ... تو تعلیم کے علاوہ اطلاعات اور نشریات کا قلمدان بھی سونپا ۔۔۔ لیکن پھر اطلاعات پر اوقاف کا قبضہ ہو گیا ۔۔۔ پیرزادہ کے دور اطلاعات میں کسی اخبار کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی گئی۔ انہیں اخبارات اور جرائد سے شکایات پیدا ہوئیں تو اپنا نقطہ نظر واضح کرنے کے لیے مدیروں کے نام ایک کھلا خط تحریر کیا۔ بات اس سے آگے نہ بڑھی۔ اخبارات کو وقف جائیداد قرار دے کر جو فیصلوں پر فیصلے صادر ہوئے وہ حفیظ کے بعد کی بات ہے۔

محمود علی قصوری کچھ وزارت سے رخصت ہوئے تو پیرزادہ نے ان کی جگہ لی۔ وزیر قانون بننے کے علاوہ آئینی کمیٹی کے چیئرمین بھی۔ آئین سازی کے دوران حکمران جماعت کا موقف جس طرح پیش کیا اس پر اختلاف رکھنے والوں نے بھی داد دی کہ ایک غلط موقف بڑے عزم کے ساتھ لڑ رہے ہیں اور بھٹو صاحب نے تو آئین کی منظوری کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے قومی اسمبلی میں ان کا اعتراف یوں کیا کہ جیسے مناسب ہوتا تو میں ابھی انہیں ہلال قائداعظم کا اعزاز ... دیتا۔

حفیظ پیرزادہ جاپانی تو ... لیکن دلیل کی زبان سے بھی نا آشنا نہیں ... بن جاتے ہیں اور کبھی دھان پان جاتے ہیں۔ انگریزی اور اردو دونوں بولتے ہیں اور خوب بولتے ہیں، اور بسا اوقات بھٹو صاحب کی کاربن کاپی معلوم ہوتے ہیں۔ ... سب ادائیں ان کی شخصیت میں بھی ہیں۔

سیاسی حلقوں کا خیال ہے ... کہ ... پیرزادہ ... انشاء اللہ کام ہے اور ابھی تو ابتدا ہی ابتدا ہے۔ انہیں البتہ ضرورت ہے ... کی، احتیاط کی اور نظر بد سے بچنے کی۔ نظر بد دور۔

مکتوبِ نیویارک

جذبات کے اظہار کے لئے نہ کوئی مخصوص زبان ہوتی ہے اور نہ کوئی ذریعہ۔ یہ بات اشاروں اور کتابوں میں بآسانی ادا ہو جاتی ہے۔ اور اگر اشاروں اور کتابوں سے کام نہ بھی لیا جائے تو فرد کے وجود سے ہی جذبے کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ یہ گفتگو کا وہ انداز ہے جس میں مخاطب اور مخاطب آمنے سامنے ہوتے ہیں، لیکن کسی دوسری جگہ پر بیان پہنچانے کے لئے تحریر ضروری ہے۔ یہ تحریر الفاظ کا مرکب بھی ہو سکتی ہے۔ اور تصاویر کا بھی اور دونوں کا امتزاج بھی۔

ہم اپنی تمام تر ترقی کے باوجود ابھی تک اس بات سے واقف نہیں ہیں کہ دنیا میں ایسی کتنی زبانیں ہیں جنہیں لکھا بھی جا سکتا ہے۔ زبانوں کے ماہروں کا ایک عام تخمینہ یہ ہے کہ دنیا بھر میں لکھی جانے والی زبانوں کی تعداد گیارہ سو سے لگ بھگ ہے۔ کسی زبان بولنے والوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔ اور کسی زبان بولنے والوں کی تعداد لاکھوں اور کروڑوں میں۔ کوئی زبان فنی طور پر زیادہ امیر ہے تو کوئی زبان فنی طور پر محدود۔ تعداد اور فن کی کمی بیشی اور خامیوں اور اچھائیوں سے زبان کی اہمیت اور وسعت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اور یہ پہلو مختلف معاشروں، تہذیبوں اور ثقافتوں کی تحقیق میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں ــــ اس سلسلے میں نیویارک شہر کی کنگ ٹائپوگرافک سروس نے قابلِ قدر خدمات سر انجام دی ہیں۔ اس کمپنی کا دعویٰ ہے کہ آپ جس زبان لکھ دیجئے ہم اسکا ٹائپ تیار کریں گے۔ یہ کمپنی عام طور پر اشاعتی ــ اور اشتہاراتی اداروں کے لئے کام کرتی ہے، لیکن اگر آپ بیانکی یا زولو زبانوں میں کتاب شائع کرنا چاہتے ہیں تو یہ کام اس کمپنی کے لئے کوئی مشکل نہیں ہے۔ یاد رہے کہ بیانکی زبان امریکی انڈین بولتے ہیں۔ اور زولو زبان ایک افریقی قبیلہ میں بولی جاتی ہے ــــ ابھی پچھلے دنوں اس کمپنی نے مشرقِ وسطیٰ کے قدیم کلیسائی عہد کی قبطی زبان کا ٹائپ تیار کیا، لیکن اس طرح کی زبانوں کے ٹائپ کی مانگ بہت محدود ہے۔ ٹائپ کی تیاری کا سب سے دلچسپ پہلو یہ ہے۔ کہ یہاں ۲۵ زبانوں میں باقاعدگی سے کام ہوتا ہے لیکن ٹائپ سیٹ کرنے والوں کو ان زبانوں کی سوجھ بوجھ نہیں ہے۔ پھر بھی وہ ہمیشہ صحیح حروف منتخب کرتے ہیں۔ ہاں کبھی کبھی انہیں مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے، عربی اور اردو زبانوں کیلئے ٹائپ کی تیاری بہت غور و خوض اور توجہ چاہتی ہے۔ کیونکہ بعض اوقات حروف اور الفاظ میں اسقدر مشابہت ہوتی ہے کہ صحیح انتخاب کے لئے زبان کے ماہر کو بلایا جاتا ہے۔ مشرقی زبانوں کے شعبے میں کام مشینوں کی بجائے ہاتھ سے ہوتا ہے۔ ان زبانوں کے بارے میں ماہرین کا خیال ہے کہ یہ خوبصورت زبانیں ہیں لیکن مشکل ہیں، چینی اور جاپانی زبانوں کے بارے میں یہ خیال خاص طور پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اردو کے بارے میں بھی کسی کو یہ شکوہ ہو لیکن صاحب! ہم تو اردو زبان کی محبت کے دائمی اسیر ہیں۔ اور ہمیں یہ اسیری رہائی سے زیادہ عزیز ہے۔

نامہ نگار مامون ایمن نیویارک

روس کے ساتھ معاہدے پر دستخط ہو گئے

… پاکستان آ رہے ہیں

ایک ہزار انجینئروں کو روزگار مہیا کیا جا رہا ہے

اُردون میں شراب پر مکمل پابندی لگا دی گئی

عمان۔ ۸ جون (ا پ پ) اسلامی مملکت کی حیثیت سے حکومت اردن نے گذشتہ روز ملک میں ہر قسم کی شراب پر پابندی لگا دی۔ اب تمام سرکاری تقریبات میں جن میں سفارتی تقریبات بھی شامل ہیں، شراب کا استعمال ممنوع ہو گا۔ ریڈیو، ٹیلیویژن، اخبارات اور عام اشتہارات کے ذریعے شراب کی تشہیر پر بھی پابندی لگا دی گئی ہے۔

بنگلہ دیش میں عوام سیکولر حکومت اور بھارت کے خلاف ہیں

بھارت کے بڑھتے ہوئے تسلط کے خلاف ملک میں شدید مایوسی پیدا ہو گئی ہے

پی آئی اے نئے طیارے خریدے گی

میاں محمود علی قصوری نے تحریکِ استقلال میں شامل ہونے کا اعلان کر دیا

اصغر خاں کی طرف سے تحریک کی قیادت سنبھالنے کی پیشکش

پیپلز پارٹی کے قائدین سے میرے نظریاتی اختلافات ہیں: قصوری

۱۹۷۲-۷۳ میں محفوظ زرِ مبادلہ ۲۲ کروڑ ۱۷ لاکھ ڈالر ہو گیا

سرکاری شعبہ میں ترقیاتی اخراجات ۴ ارب ۱۵ کروڑ تک پہنچ گئے

ریکارڈ فصل کے باوجود گندم درآمد کرنا پڑے گی

۱۹۷۲-۷۳ کا اقتصادی جائزہ جاری کر دیا گیا

"چند دن ہیں ـــــ عیش کر لینے دیجئے پوری قوم باہر جا رہی ہے ... محکمہ کی ضرورت ہی نہیں رہے گی ـــــ !"

نور جہاں اور اعجاز کے درمیان مصالحت

طلاق کا نوٹس قانونی طور پر غیر مؤثر ہو گیا

صدر بھٹو نے آزاد کشمیر کے عوام کی رائے کا احترام کیا ہے

اگر میں مستعفی دیدیتا تو کشمیری عوام کی توہین ہوتی، سردار عبدالقیوم

احمدیوں کو اقلیت قرار دینے کی قرارداد خالص مذہبی ہے، کابینہ قرارداد سے متفق ہے

راولپنڈی یکم جون آزاد کشمیر کے صدر سردار عبدالقیوم خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں سیاسی بحران کا پرامن طور پر ختم ہو جانا جمہوری اقدار کی مکمل فتح ہے۔ انہوں نے کہا عوام نے موجودہ بحران کے خلاف احتجاج میری ذات کے لئے نہیں بلکہ اپنی رائے اور اپنے ووٹ کی حفاظت کے لئے کیا تھا۔ آزاد کشمیر کے صدر نے آج شام یہاں راولپنڈی بار ایسوسی ایشن کے ارکان کی طرف سے دیئے گئے ایک استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا میں پاکستان کے مفاد کی خاطر استعفیٰ تو کیا ہزار بار جان قربان کر سکتا ہوں۔ میری ذات سے پاکستان کے لئے کبھی بھی مشکلات پیدا نہیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا میرے خلاف گزشتہ ڈیڑھ سال سے سازش تیار کی جا رہی تھی اب یہ لاوا ایکدم پھوٹ پڑا تھا۔ اس بات کا صدر بھٹو کو تفصیلی طور پر علم نہیں تھا۔ انہوں نے کہا بعض افراد نے مختلف ذریعوں سے مجھے دھمکیاں دیں کہ میں استعفیٰ دے دوں لیکن میں نے انکار کر دیا کیونکہ میں دھمکی کی زبان نہیں جانتا مجھے جیل میں جانے تک کی دھمکیاں دی گئیں اگر میں مستعفی ہو جاتا تو یہ آزاد کشمیر کے عوام کی توہین ہوتی وہ محسوس کرتے کہ ان کی رائے کی کوئی اہمیت نہیں ہے لیکن صدر بھٹو نے اپنے جمہوری مزاج کی وجہ سے اس بات کو محسوس کیا اور کشمیری عوام کی رائے کا احترام کیا ہے۔ اس بحران میں آزاد کشمیر کی علیحدگی کا مطالبہ کرنے والے عناصر نے اپنی مہم تیز کر دی تھی لیکن انھیں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا احمدیوں کو اقلیت قرار دینے کی قرارداد اسمبلی نے منظور کی ہے اور آزاد کشمیر کی کابینہ اصولی طور پر اس قرارداد سے متفق ہے۔ یہ قرارداد خالص مذہبی نقطہ نظر سے پیش کی گئی جبکہ مخالفین اسے سیاسی چال قرار دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا اس قرارداد کو سیاسی حربے کے طور پر استعمال کرنے والے یقیناً اسلام سے غداری کے مرتکب ہوں گے۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان جلد ہی مذاکرات شروع ہو جائینگے

مشترکہ اعلامیہ کی بنیاد پر قیدیوں کی واپسی ہو سکتی ہے۔ سردار سورن سنگھ

پیرس یکم جون (اے پ پ / اے ایف پی / ایسوسی ایٹڈ پریس) بھارتی وزیر خارجہ سردار سورن سنگھ نے آج یہاں انتہائی ڈھٹائی سے پاکستان پر منفی رویہ اختیار کرنے کا الزام لگاتے ہوئے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ بھارت اور بنگلہ دیش کے مشترکہ اعلامیہ پر عملدرآمد کے لئے جلد ہی تبادلہ خیال شروع ہو جائے گا تاکہ جنگی قیدیوں اور شہریوں کی پاکستان اور بنگلہ دیش کو واپسی ہو سکے جبکہ [illegible] کے تین روزہ دورہ کے اختتام پر [illegible] روانگی سے پیشتر یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سردار سورن سنگھ نے کہا کہ گزشتہ اپریل میں جاری کئے جانے والے بھارت اور بنگلہ دیش کے مشترکہ اعلامیہ کے ذریعہ ہی انسانی مسائل منصفانہ طور پر حل کئے جا سکتے ہیں جو بنگلہ دیش کے تنازعہ سے پیدا ہوئے ہیں بنگلہ دیش میں ۱۹۵ پاکستانی جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کی دھمکی کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے سردار سورن سنگھ نے کہا کہ بھارت ہیگ کی بین الاقوامی عدالت انصاف کے دائرہ اختیار کو تسلیم نہیں کرتا۔ پاکستان نے بین الاقوامی عدالت سے درخواست کی ہے کہ بھارت کو اس بات کی اجازت نہ دی جائے کہ وہ پاکستانی قیدیوں کو بنگلہ دیش منتقل کرے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ اعلامیہ کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان مذاکرات کا دور ہونا ہے۔ انہوں نے مزید کہا پاکستان نے عالمی عدالت سے رجوع کر کے شملہ سمجھوتہ کی خلاف ورزی کی ہے اس لئے کہ اس سمجھوتہ کے تحت یہ بات طے ہو گئی تھی کہ بھارت اور پاکستان اپنے متنازعہ مسائل باہمی طور پر طے کریں گے اور کسی تیسرے فریق سے رجوع نہیں کریں گے۔ بھارتی وزیر خارجہ نے توقع ظاہر کی کہ بھارت اور بنگلہ دیش کے مشترکہ اعلامیہ کی بنیاد پر جنگی قیدیوں کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم بنگلہ دیش کو جنگی جرائم کے سلسلہ میں [illegible] سے نہیں روک سکتے۔

صوابی کے ضمنی انتخاب کے آزاد امیدوار دستبردار ہو گئے

پشاور یکم جون (اے پ پ) صوابی سے حلقہ سے صوبائی اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں آزاد امیدوار [illegible] نے انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اس طرح مسلم لیگ، عوامی پارٹی اور پیپلز پارٹی قیوم لیگ کے دو امیدوار مقابلے پر باقی رہ گئے ہیں [illegible]

سرکاری سکیم میں مرنے والے افسروں کی بیگمات کا مظاہرہ

راولپنڈی یکم جون نمائندہ جنگ قومی اسمبلی کے باہر فوجی سازش میں ملوث افسروں کی بیویوں نے خاموش مظاہرہ کیا جس میں بریگیڈیئر علی، کرنل آفریدی، میجر افتخار، میجر فاروق، کرنل افضل، نادر پرویز اور فاروق جنجوعہ کی بیگمات اور بچیاں [illegible] ... جب قومی اسمبلی کا اجلاس ختم ہوا تو [illegible] ... ان خواتین نے پلے کارڈ بلند کر رکھے تھے۔ ان لیڈروں نے ان خواتین سے کہا کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں!

سردار قیوم کے بھائی ڈی پی آر کے تحت گرفتار

بنگالیوں کو اسمگل کرنے میں اعانت کا الزام

راولپنڈی ۳۱ مئی [illegible] ... سردار عبدالقیوم خان کے بھائی [illegible]

[illegible]

نیازی اور راؤ فرمان علی پر

مقدمات نہیں چلائے جائیں گے؟

[illegible] ... بنگلہ دیش ... [illegible] کے حوالے سے بتایا ہے کہ اگلے چند ہفتوں کے اندر ڈھاکہ میں جن پاکستانی فوجیوں پر جنگی جرائم کے الزامات میں مقدمات چلائے جائیں گے ان میں مشرقی کمان کے کمانڈر جنرل نیازی اور مشرقی پاکستان کے سابق گورنر کے فوجی مشیر میجر جنرل راؤ فرمان علی شامل نہیں ہوں گے تاہم ایجنسی نے یہ نہیں بتایا کہ جنرل نیازی اور جنرل فرمان علی پر کس نوعیت کے مقدمات چلائے جائیں گے یا سرے سے چلائے ہی نہیں جائیں گے۔

عوامی لیگی ممبر پارلیمنٹ کو گولی مار دی گئی

نئی دہلی ۳۱ مئی (رائٹر) ... بنگلہ دیش کی پارلیمنٹ کے ممبر اور عوامی لیگ کے ایک سرکردہ رہنما نور الحق کو آج ان کے آبائی شہر فرید پور میں نامعلوم حملہ آوروں نے گولی مار کر ہلاک کر دیا پولیس حملہ آوروں کو سرگرمی سے تلاش کر رہی ہے۔

اندرا گاندھی جرأت مند اور دور اندیش ہیں

ان کے گرد بے حس لوگ ہیں جو نہ معاف کر سکتے ہیں اور نہ بھول سکتے ہیں
مجیب کو میں اچھی طرح جانتا ہوں وہ ہر چیز کو داؤ پر لگا دیتے ہیں: بھٹو

راولپنڈی ۳۱ مئی (اے پ پ) امریکی ٹائم کے نمائندہ کو انٹرویو دیتے ہوئے صدر بھٹو نے بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی کے بارے میں اپنے تاثرات کا اظہار کیا جنہیں وہ گزشتہ جولائی میں شملہ میں ملے تھے اور کوشش کی تھی کہ دونوں ملکوں کے حالات معمول پر آ جائیں۔ صدر بھٹو ... مسز گاندھی کی جرأت اور دور اندیشی سے متاثر ہوا۔ انہوں نے مفاہمت کروا دیا لیکن مشکل یہ ہے خیال ہے یہ ہے کہ ان کے ارد گرد بے حس لوگ ہیں یہ لوگ جنہیں وہ بس میں ساتھ ہیں جو نہ معاف کر سکتے ہیں نہ بھول سکتے ہیں۔ مجیب کے بارے میں صدر بھٹو نے کہا میں انہیں اچھی طرح جانتا ہوں انہیں اپنا وقت آ گیا ہے مشکل یہ ہے وہ ایسا رویہ اختیار کرتے ہیں اس سے بچ جاتے ہیں اور ہر چیز داؤ پر لگا دیتے ہیں اگرچہ ان میں بعض بہترین خصوصیت بھی ہیں۔

پاسپورٹ کی ارجنٹ فیس ۲۰۰ روپے کر دی گئی

اسلام آباد ۳۱ مئی (اے پ پ) وزارت داخلہ کے ایک پریس نوٹ کے مطابق حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ یکم جون سے پاسپورٹ کی ارجنٹ فیس سو روپے سے بڑھا کر دو سو روپے کر دی گئی ہے تاہم معمولی فیس جو اس وقت ۵۰ روپے ہے برقرار رہے گی۔

راولپنڈی: [illegible] یہاں موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق جنگی قیدیوں کے کیمپوں کے بھارتی فوجی افسروں نے ۵۹ جنگی قیدیوں پر حال ہی میں بہیمانہ تشدد کیا اور انہیں سنگین سزائیں دیں۔ ان پر سرنگ کھود کر کیمپ سے فرار ہونے کی کوشش کرنے کا الزام لگایا گیا ہے ۵۹ جنگی قیدیوں میں سے ایک سو گیارہ افسر جا [illegible] کمیشنڈ افسر اور ۴۴ دوسرے رینک کے افسر شامل ہیں۔ واضح رہے بھارتی وزیر جنگ مسٹر جگجیون رام حال ہی میں اعلان کر چکے ہیں کہ ۲۰ جنگی قیدی کیمپوں میں انتقال کر چکے ہیں۔ اور کم و بیش اتنے ہی بھارتی فوجیوں کی وحشیانہ فائرنگ سے شہید ہو چکے ہیں۔

مصر بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کریگا

راولپنڈی یکم جون (اے پ پ) قاہرہ کے ذرائع سے باوثوق طور پر معلوم ہوا ہے کہ مصر کا جلد بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ بنگلہ دیش کے بارے میں ان کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

بلوچستان میں ایک ارب ڈالر مالیت کے تانبے کے ذخیرہ کی دریافت

اسلام آباد یکم جون (اے پ پ) خانہ منصوبہ بندی اور ترقی کے وزیر ڈاکٹر مبشر حسن نے کہا ہے کہ بلوچستان کے انتہائی مغربی حصہ میں سینڈک کے مقام پر کوہ چند [illegible] ملاکر ٹن تانبے کا ذخیرہ دریافت کیا گیا ہے جس کی مالیت ایک ارب ڈالر ہے۔ انہوں نے کہا آج اخبار نویسوں کو بتایا کہ حکومت نے ان ذخائر کی مزید تفصیلات معلوم کرنے کیلئے ۸۰ لاکھ روپیہ منظور کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک جو نتائج موصول ہوئے ہیں ان کی اطلاعات سے خیال ہے کہ بیس ملین ٹن اعلیٰ قسم کا تانبا موجود ہے وزیر موصوف نے کہا کہ کوئی تین ہفتے ہوئے حکومت نے کینیڈا سے ماہرین کی ایک جماعت بلائی تھی جس نے تانبے کے ذخائر کے بارے میں حکومت کو اپنی رپورٹ پیش کر دی ہے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہم تانبے کے اس ذخیرہ کو دنیا کا بہترین ذخیرہ تصور کرتے ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس ذخیرے میں مولیڈینم کا تناسب معمول سے زیادہ ہے۔ یہ ایک قسم کی قیمتی دھات کا نام ہے۔ ذخیرے میں سونے اور چاندی کے بھی ذرات دیکھے گئے ہیں۔ رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ ذخیرے کے بارے میں تفصیلی تحقیقات کی جائے۔

اسلام آباد یکم جون (اے پ پ) نائب صدر مسٹر نورالامین نے بھارت میں اسیر پاکستانی جنگی قیدی نائک قمر نثار کو اس کے خط کے جواب میں لکھا ہے کہ پاکستانی جنگی قیدیوں اور ان کے کنبوں نے جس جرأت، حوصلے اور خودداری کا اعلیٰ ثبوت پیش کرنا شروع کر رکھا ہے اس کی مثال پاکستان کی سیاسی تاریخ میں نایاب ہے۔ ان کے اس کردار نے دنیا بھر پر واضح کر دیا ہے کہ وہ ایک بہادر قوم کے فرزند ہیں اور وہ پاکستان کے لئے ہر قسم کی قربانی کو ہیچ سمجھتے ہیں۔ جنگی قیدی نائک قمر نثار نے نائب صدر کو لکھا تھا کہ وہ حکومت پاکستان اور صدر بھٹو کو آگاہ کر دیں کہ پاکستانی جنگی قیدیوں کے عزم و حوصلے اور خودداری کے جذبے میں ہرگز فرق نہ آنے پائے گا۔

پیرس سے روسی آتاشی کی واپسی کا مطالبہ

پیرس یکم جون (رائٹر) حکومت فرانس نے روس کے ایک فضائی آتاشی پر پیرس کے فضائی شو کے دوران بعض سائنسی آلات چوری کرنے کا الزام عائد کیا ہے اور روس سے کہا ہے کہ وہ فوجی آتاشی کو واپس بلا لے۔

لائل پور میں گیس ٹربائن سٹیشن قائم کرنے کا منصوبہ

لاہور یکم جون (اے پ پ) واپڈا جلد ہی لائل پور میں دو [illegible] گیس ٹربائن سٹیشن قائم کر رہا ہے واپڈا کو سٹیشن قائم کرنے کی اجازت حال ہی میں مرکزی حکومت نے دی تھی تاکہ موسم سرما میں بجلی کی کمی کو پورا کیا جا سکے اس موسم میں پانی کی کمی کے باعث بجلی کی پیداوار بھی گھٹ جاتی ہے لائل پور ٹیکسٹائل گرڈ سٹیشن ملک بھر میں بجلی کی کھپت کے اعتبار سے دوسرا بڑا مرکز ہے اور یہ کراچی جیسے جنوبی حصے میں بجلی کی سپلائی بھی لائل پور کے توسط سے ہوتی ہے اب یہ بجلی کا یہ نیا سٹیشن لائل پور میں قائم کیا جا رہا ہے لائل پور میں گیس ٹربائن قائم کرنے کے لئے بیس امریکی فرموں سے ٹینڈر طلب کئے گئے تھے جہاں موصول ہوئے ان فرموں میں سات فرموں کا تعلق برطانیہ، امریکہ، مغربی جرمنی، جاپان، اٹلی اور سویڈن سے تھا۔

پشاور ۳۱ مئی (اے پ پ) [illegible] حادثے میں [illegible]

H. W.
Super Market
Please Shop Your
GROCERY
AT 272 DUPONT ST.
923-3939

Kazi Imports
Oriental & Islamic
Jewellry, Handicrfts & Dresses.
☆ PAKISTANI FLAGS, CAR DECALS, COLLAR PINS.
☆ PAKISTANI RECORDS, CIGARETTES & BIDIS.
☆ WE ACCEPT MAIL ORDERS FROM CANADA AND U.S.A.
PLEASE [illegible] FOR PRICE LIST
1647 N. Wells St. Chicago Ill 60614
(312) 944 8686

thé Store
VISIT US FOR
A COMPLETE SHOPING SERIVCE
AFRO ASIAN
918 PAPE AVE TORONTO
CALL 463-1257
حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

پاکستانی عوام کے نام ایک پیغام

[illegible] کے استحکام اور خوش حالی کے لئے آگے بڑھیے

اور اس بات کا فیصلہ کیجیے کہ آپ ہمیشہ

اپنی قومی ایئرلائن پی آئی اے کے ذریعہ سفر کرینگے

COME HOME WITH US.



PIA's new round trip fare from New York to Pakistan. Only $499.

This new low fare allows you to travel from New York to anywhere in Pakistan. Be it Karachi, Rawalpindi, Lahore, Islamabad for a minimum stay of 15 days and a maximum stay of 120 days. This fare is tailored to your own needs. It doesn't require groups or associations and allows you to leave any time you want.

You can fly from New York every Wednesday, Friday and Saturday at 10:45 p.m.

PAKISTAN INTERNATIONAL AIRLINES PIA

Mr. Altaf Ahmed
Pakistan International Airlines
545 Fifth Avenue
New York, New York 10017

SP-27

I want to fly home with you for the lowest fare in history. Please tell me more.

Name ______________________

Street ______________________

City __________ State __________ Zip __________

مزید تفصیلات کیلئے اپنے ٹریول ایجنٹ یا پی آئی اے کے کسی بھی آفس سے رابطہ قائم کریں

پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز

Pakistan International Airlines
Royal Trust Tower – TD Centre, Toronto.
Tel. 364-1375.

1 Place Ville Marie, Montreal, P.Quebec

(514) 861-2495.

پاکستان جنگی طیارے اور ٹینک تیار کرے گا

حکومت منصوبہ کی تیاری کے لیے ضروری اقدام کر رہی ہے : شہری ہوابازی کے طیارے اور ریلوے انجن اندرون ملک تیار نہیں کیے جائیں گے : پی آئی اے کے اندرون ملک کرایوں میں کمی کا امکان نہیں : عزیز احمد

فری میسن تحریک پر پابندی لگا دی گئی ہے : خان قیوم

تحریک کی تمام عمارات حکومت نے اپنی تحویل میں لے لی ہیں

مسلمانوں کو عیسائی بنانے کی مہم ختم کرانے کے لیے ایوان میں قرارداد پیش کر دی گئی

قومی اسمبلی ہال ۔ ۶ جون (پ پ) ۔ وفاقی وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے آج یہاں قومی اسمبلی میں اعلان کیا کہ حکومت ... مولانا عبدالحق (حقانی) کی ایک قرارداد ... فری میسن تحریک ... پابندی لگانے ... کہا کہ یہ پابندی گذشتہ سال ... دسمبر کو عائد کی گئی تھی اور فری میسن تحریک کی تمام عمارات پر بھی قبضہ کر لیا ہے ...

چاٹگانگ کے پہاڑی علاقہ کے عوام نے خودمختاری کی جنگ شروع کر دی

بنگلہ دیشی اور بھارتی فوجیں صورت حال پر قابو پانے میں ناکام ہو گئیں

ملک گندم میں خود کفیل ہو گیا ہے : عبدالحفیظ پیرزادہ

چینی کی پیداوار میں اضافہ کے لیے آٹھ نئی شوگر ملیں لگائی جا رہی ہیں : محمد حنیف

قومی اسمبلی ہال ۔ ۶ جون (پ پ) ۔ وزیر دفاع ، وفاقی پیداوار و شہری ہوابازی مسٹر عزیز احمد نے آج انکشاف کیا ہے کہ حکومت ٹینکوں اور فوجی طیاروں کی تیاری کے لیے ایک منصوبہ تیار کر رہی ہے ... وزیر نے بتایا کہ شہری طیاروں اور ریلوے انجنوں کی تیاری کے لیے فیکٹری قائم کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں بنایا گیا ...

نیپال نے بہاریوں کو زبردستی بنگلہ دیش واپس بھیجنے سے انکار کر دیا

عوامی لیگ کے مزید دو (۲) عہدیداروں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا

حکمران جماعت سیاسی تشدد کے خلاف احتجاجی جلوس نکالے گی

ڈھاکہ ۔ ۶ جون (اے پی پ) ۔ بنگلہ دیش میں سیاسی قتل و غارت کی خبر ملی ہے ... عوامی لیگ نے سیاسی تشدد کی بڑھتی ہوئی وارداتوں اور لاقانونیت کے خلاف ۸ جون کو ایک احتجاجی جلوس نکالنے کا پروگرام بنایا ہے۔

ملتان میں دس کروڑ روپے کے خرچ سے "آب ثقیل" بنانے کا کارخانہ قائم کیا جائے گا

پاکستان ایٹمی توانائی کی بھٹی میں استعمال ہونے والا پانی خود تیار کرے گا

آب ثقیل کا کارخانہ کھاد فیکٹری کے ساتھ لگایا جائے گا : منیر احمد خان

کراچی ۶ جون (نمائندہ خصوصی) پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن کے چیئرمین مسٹر منیر احمد خان نے اس امر کا انکشاف کیا ہے کہ بھاری واٹر "آب ثقیل" جو کراچی کے ایٹمی توانائی سے چلنے والے بجلی گھر میں استعمال ہوتا ہے ، پاکستان میں تیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے ... آب ثقیل کا کارخانہ ملتان میں کھاد فیکٹری کے ساتھ ساتھ تیار کیا جائے گا ...

صحافیوں کی گرفتاری کی خبر دنیا بھر میں نشر ہوئی

ٹی وی کارپوریشن کا پہلا ڈسٹری بیوٹر ...

Ali Baba

welcomes ... Canada with his ... hospitality. Ali Baba's cuisine of the Orient presents to you from the tables of Shaikhs, Khans, Pashas, Maharajas and the sultans of the Orient Shish Kebabs, Steaks, Chicken Tandoori, Sea Foods, Vegetarian Foods at their best and many other delicious curried foods. Also selected American and Canadian dishes.

Ali Baba International Restaurant - Dinig Lounge

"ASIA HOUSE" Center Street, Niagara Falls, Canada. Tel. 354-6933 & 356-8785
OPEN ALL NIGHT 7 DAYS - A - WEEK

INDO-PAK TRADING LTD.

Please visit us for

Masalas-Dals-Basmati rice-Condiments

ALSO FREE TRAVEL ADVICE

936 PAPE AVE. 461-5575.

صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی، اگر ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

ہم اپنا فرض بھول گئے ہیں

بھارت کے وزیر جنگ مسٹر جگ جیون رام نے مدراس میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکہ اگر برسرِ پیکار ہیں ...... تو اسے چاہیئے کہ وہ پاکستان کو اسلحہ دینا ترک کر دے۔ کیونکہ ہمیں اصل خطرہ پاکستان سے ہے پاکستان کو جو ہتھیار ملتے ہیں، جنگی تیاری کرتے وقت ہم انہیں اپنے ذہن میں رکھتے ہیں۔

امریکہ کو چتاونی دینے کے بعد امن پسند اور اہنسا کے پجاری بھارت کے وزیر جنگ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ بھارت روس کی مدد سے میزائل بردار گشتی کشتیاں تیار کرنے کا کارخانہ لگا رہا ہے۔ اور اپنی بحری قوت میں بھی اضافہ کر رہا ہے۔

ایک اور سوال کے جواب میں شریمان نے کہا روس سے ہم جو ہتھیار لیتے ہیں اس پر کسی کو اعتراض نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ ان کی ہم قیمت ادا کرتے ہیں۔ بھارت کی شکل میں ہر کوئی بادن گز کا ہے شریمتی اندرا گاندھی سے لے کر شریمان جگ جیون رام تک جو بھی اٹھتا ہے یہی دہائی دیتا ہے کہ امریکہ یا چین یا کوئی اور دوسرا ملک پاکستان کی مدد کیوں کر رہا ہے۔ اسے پاکستان کو بھارت کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا چاہیئے۔ نصف ملک تو وہ پہلے ہی روس کی زیرِ سرپرستی ہتھیا چکا ہے۔ بقیہ پاکستان کو بھی ہضم کرنے کا موقعہ ملنا چاہیئے کوئی اور ملک دخل دے معقولات کا مرتکب کیوں ہوتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ پچیس چھبیس سال پہلے بھارتی لیڈر شپ نے قائد اعظم کے ہاتھوں سیاسی شکست کھانے کے بعد قیام پاکستان یا تقسیم ہند قبول تو کر لی تھی لیکن اس کے ساتھ ہی انہوں نے پاکستان کو ختم کرنے اور پاکستان سے انتقام لینے کا عہد بھی کر لیا تھا اور بھارت کو ازسرِ نو اکھنڈ بنانے کی تیاریاں شروع کر دی تھیں۔ ادھر ہمارے ہاں قائد اعظم کو اللہ تعالیٰ نے بمشکل ایک سال پاکستان کی خدمت کا موقعہ دیا اور وہ بھی بیماری اور شدید بیماری کی حالت میں۔ ان کی رحلت کے بعد مسلم لیگی قیادت نے پاکستان کو نظریاتی ملک بنانے کی کوشش نہ کی اس نے یہ سمجھا کہ پاکستان حاصل کر لینے کے بعد مسلم لیگ کا کام ختم ہو گیا ہے ہماری منزل مراد صرف پاکستان ہی تھا اور قائد اعظم کی وفات کے صرف دس سال بعد ایک نام نہاد جنرل اس ملک پر فوجی آمریت مسلط کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ یہ تو ایک لمبی بحث ہے۔ کہ پاکستان میں جمہوریت کا قاتل کون تھا۔ سکندر مرزا، ایوب خان اور ان کے ساتھی یا خود سیاستدان یا سیاستدان خود آپس میں لڑتے تھے یا انہیں ایک سازش کے تحت لڑایا جاتا تھا۔ افسر شاہی اور ان کی دیکھا دیکھی مختصر سی جرنیل شاہی نے سیاست دانوں کی بالادستی قبول کرنے سے کیوں انکار کر دیا تھا اور یہی فساد پاکستان میں جمہوریت کے خاتمہ اور بالآخر مشرقی پاکستان کی علیحدگی "بنگلہ دیش" کے قیام اور ہمارے مشرقی بارڈر پر بھارتی تسلط کا باعث بنا اور آج وہی بھارت جو کبھی پاکستان کی قوت کے تصور سے کانپا کرتا تھا آج ہمیں بات بات پر مکمل جنگ کی دھمکیاں دیتا اور ہمیں سبق سکھانے کی شکل میں ...... کرتا ہے ...... پاکستان کو ...... کر چکے ہیں ...... وہ مسلم لیگی ذہنیت کیا تھی؟ اسلام کے نام پر پاکستان کا قیام اور پاکستان میں اسلام کا نفاذ ...... اللہ کے نام پر حاصل کئے ہوئے وطن ......

کی بادشاہی ...... کچھ حاصل نہیں ...... پاکستان کے خلاف سازش میں، سازشی عناصر کامیاب ہو گئے تو ...... ذہنیت ...... پاکستان بنا دیا گیا جب ہم نے اس ذہنیت کو خیرباد کہہ دیا تو ملک کا ایک حصہ ہم سے جدا ہوا جو باقی بچا وہ بھی خطرے میں ہے۔ اگر یہ "مسلم لیگی ذہنیت" اس ملک میں زندہ اور جاری و ساری رہتی تو آج ہم پاکستان کی حالت زار پر اس طرح آنسو نہ بہا رہے ہوتے جس طرح بہا رہے ہیں۔ آج پاکستان کی حالت مختلف ہوتی آج مقبوضہ کشمیر ہمارے قبضے میں ہوتا۔ دکن ایک آزاد مملکت ہوتا۔ بھارت میں مسلمان فخر کے ساتھ سر اٹھا کر چل رہے ہوتے کہ مضبوط پاکستان ان کی عزت و وقار کا ضامن ہوتا لیکن ہوا کیا ہے ہم "حقیقت پسند" بن گئے ہیں کہ بھارت ہم سے کئی گنا بڑا ملک ہے اور مشرقی پاکستان کھو دینے کے بعد تو ہم بہت چھوٹے رہ گئے ہیں لیکن کیا ہم اسرائیل سے بھی چھوٹے ہیں۔

مسلمان پر تو ایک مسلمان کے قتل پر قصاص لینا واجب ہو جاتا ہے۔ لیکن ہم ایسے مسلمان ہیں کہ نصف ملک اور کروڑ مسلمانوں سمیت اہلِ ہنود کے حوالے کر کے مَس سے مَس نہیں ہو رہے۔ آتشِ انتقام میں جلنے کی بجائے اطمینان سے بیٹھے ہوئے ہیں کہ جیسے ہم پر کوئی بوجھ اترا جہاد کو فرض نہیں سمجھ رہے۔

صدر بھٹو بھارت کے ساتھ ہزار سال تک جنگ لڑنے کی باتیں کرتے رہے ہیں۔ وہ ایک قول کے دھنی انسان ہیں۔ ان کا مزاج ایسا ہے کہ وہ انتقام لے سکتے ہیں۔ جو شخص ذاتی طور پر انتقام لینے کی صلاحیت رکھتا ہے کوئی وجہ نہیں وہ قومی سطح پر انتقام لینے کی صلاحیت سے عاری ہو۔ انہیں مولانا کوثر نیازی، مولانا غلام غوث ہزاروی اور پیر سید علی محمد راشدی ایسے اپنے قریب "بزرگوں" سے پوچھنا چاہئے کہ موجودہ حالات میں بحیثیت مسلمان، بحیثیت صدر پاکستان ان پر کیا فرائض عائد ہوتے ہیں! جہاد واجب ہوتا ہے یا نہیں! اگر ہوتا ہے تو پھر اس سیاسی ملاں سے نجات حاصل کرنی چاہئے جو جہاد کے قائل نہیں اور پھر اللہ کا نام لے کر جہاد کی پوری اور مکمل تیاری شروع کر دینی چاہئے۔ یہ ہمارے ایمان کا مسئلہ ہے۔

ہم کچھ بھی فیصلہ کریں بھارتی لیڈر شپ ہم سے بھارت ماتا کی تقسیم کا انتقام لینے کا حلف پچیس سال پہلے اٹھا چکی ہے اگر ہم نے جوابی تیاری نہ کی تو ہمیں اپنے حشر سے غافل اور بے خبر نہیں رہنا چاہئے۔ ہمیں نوشتۂ دیوار پڑھنا چاہئے لیکن مشکل یہ ہے کہ کچھ لوگوں کو دیوار دکھائی ہی نہیں دے رہی۔

...... ہر صاحب ...... خدائی ...... گرانی ...... (مدیر، ......)

اسیرانِ جنگ

احمد ندیم قاسمی

اے محبسِ ہند کے اسیرو
اے پاک دلو، طپاں ضمیرو

تم لوگ ہوئے ہو پا بجولاں — آفت میں گھرے وطن کی خاطر
زندانِ عدو میں ہو اکیلے — آزادیٔ انجمن کی خاطر
ہاتھوں میں چبھو لئے ہیں کانٹے — پھولوں کے لئے، چمن کی خاطر

اے قلعہ کشاؤ، قلعہ گیرو
اے محبسِ ہند کے اسیرو
اے پاک دلو، طپاں ضمیرو

تم لوگ ہو آرزو ہماری — تم لوگ ہماری جستجو ہو
ایثار کے پیکرانِ رعنا! — تم لوگ وطن کی آبرو ہو
آئینۂ دل میں جب بھی جھانکا — تم لوگ ہمارے روبرو ہو

اے بہنوں کے بے مثال ویرو
اے محبسِ ہند کے اسیرو
اے پاک دلو، طپاں ضمیرو

ہم جانتے ہیں، اس امتحاں کو — اللہ کی تم رضا کہو گے
حصہ ہیں جہاد کا، وہ دکھ بھی — جو راہِ وطن میں تم سہو گے
وہ وقت قریب ہے کہ تم لوگ — زنجیر بپا نہیں رہو گے

اے مسلکِ ضبط کے سفیرو
اے محبسِ ہند کے اسیرو
اے پاک دلو، طپاں ضمیرو

آج بھی ہمارا امتحان ہے

ابوالاثر حفیظ جالندھری

مقابلے کے اونچے لوادا اونچا بخت ہوتا ہے — زمانے میں انہی کا امتحاں بھی سخت ہوتا ہے
خدا ہی منزلِ مقصود ہو جن کی نگاہوں میں — غضب کے امتحاں رکھے گئے ہیں ان کی راہوں میں
موذن نعرۂ اللہ اکبر لے کے اٹھتا ہے — جہانِ کفر تیغ و تیر و خنجر لے کے اٹھتا ہے
جہاں عشق و صفا ہیں پیش خیمے خوش نصیبی کے — منازل پیش آتے ہیں انہیں شامِ غریبی کے
ودیعت جگر ہو جاتا ہے ذوقِ نیک انجامی — انہی کو توڑنی پڑتی ہے ہر زنجیرِ ناکامی
جو دنیا کے لئے آتے ہیں لیکر مژدۂ خوش حالی — انہیں دنیا کے ہاتھوں کھینچنی پڑتی ہے پامالی
جنہیں قسمت سے رحم و دل کے اعمال ملے ہیں — وہ اکثر زخم کی دولت سے مالا مال ملتے ہیں
جو انساں کی دعا کرتے ہیں شبِ شادمانی کے — گزرتے ہیں انہی کی آبرو سے سیلِ جانی کے
جو دولت بانٹتے پھرتے ہیں بکھری نیکیوں کی — انہی کے سامنے آتی ہیں سو قتلِ عاملوں کی

مسلمانوں کو ان سارے مراحل سے گزرنا ہے
یہی سنت بنی آدم کی بگڑی کو سنوارنا ہے!

مومن کی صفات

حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں:

بیٹا اجب کلام کرو تو نیک نیت سے کرو اور خاموش رہو تو نیک نیت سے خاموش رہو۔ جو شخص عمل سے پہلے نیت نہ کرے اس کا عمل محض اللہ کی خوشنودی کے لئے نہیں ہے اس کا عمل نہیں۔ اگر تم بغیر نیت کے کلام کرو یا خاموش رہو تو گنہگار ہو کیونکہ تم نے نیت کو صحیح نہیں کیا ہے۔ تمہارا کلام اور خاموشی دونوں سنتِ نبویؐ کے خلاف ہے۔ تم عبادت کے لئے ہے جلنے اور ایک لقمہ کی روزی کی تنگی سے تم اللہ سے بددل ہو جاتے ہو ذرا سی بلکہ عزت اور تھوڑی نعمت کے زوال پر ناشکری کرتے ہو۔ گویا تم بڑے زور والے ہو کہ اللہ پر حکومت چلاتے ہو کہ یوں کر اور یوں نہ کر۔ مگر وہ "اپنا" "دنیا" کرنا چاہئے تھا۔ اپنا کلام اللہ سے دور کرنے اور اس کی ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ فرزندِ آدم! تو ہے کیا چیز؟ تو ایک ناپاک پانی کے قطرہ سے پیدا کیا گیا ہے۔ اگر عزت چاہتا ہے تو اللہ کے سامنے ذلیل رہ۔ اور اس کی محتاجی میں لگا رہ۔ اگر تو پرہیزگار نہیں تو اللہ کے نزدیک تیری کوئی عزت نہیں اور اللہ کے بندوں کے نزدیک تیری کوئی عزت ہوگی

اے قوم! تم پر اللہ کی طرف سے نگہبان مقرر ہیں۔ عقل مند بنو اور اپنے دل کی آنکھیں کھولو۔ تو خود کلام میں پہل نہ کر، بلکہ تمہارا کلام صرف دوسروں کے جواب میں ہو۔ بے مطلب اور خواہ مخواہ کسی سے سوال نہ کرو۔ توحید فرض ہے۔ طلب حلال فرض ہے۔ ضروری علم کی طلب فرض ہے۔ علم میں اخلاص فرض ہے عمل پر معاوضہ کی ترک فرض ہے۔

بدکاروں اور منافقوں سے بھاگو اور صالحین اور صدیقوں سے میل جول رکھو۔ اگر تم پر یہ بات مشکل ہو جائے اور صالح اور منافق میں فرق نہ کر سکو تو رات کو اٹھو۔ دو رکعت نفل ادا کرو۔ پھر اللہ کی جناب میں عرض کرو "اے اللہ! اپنی مخلوق میں سے صالحین پر میری راہنمائی فرما۔ ایسا شخص ظاہر فرما جو تیری طرف میری راہبری کرے۔ تیرے قرب سے ملائے۔ تیرے طعام سے کھلائے۔ اور میری آنکھ میں تیرے قرب کا سُرمہ لگائے۔"

اولیاء اللہ، اللہ کے فضل سے کھاتے ہیں اور مجلسِ الٰہی کے قرب سے پیتے ہیں اور ان کے قرب کے دروازے کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ وہ صرف خبر پر قناعت نہیں کرتے بلکہ کوشش کرتے ہیں اور خبر کے ساتھ اپنے آپ اور مخلوق سے سفر کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ ان کے نزدیک خبر مشاہدہ بن جاتی ہے۔

فرمودۂ اقبال

عجم کا دل مردہ و افسردہ و نومید
آزاد کا دل زندہ و پرسوز و طربناک
آزاد کی دولت دل روشن نفسِ گرم
محکوم کا سرمایہ فقط دیدۂ نمناک
محکوم ہے بیگانۂ اخلاص و مروت
ہر چند کہ منطق کی دلیلوں میں ہے چالاک

(ارمغانِ حجاز)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

جلد ۲



90,000 PAKISTANI POWs languishing in Indian camps for over 18 months

IS WORLD CONSCIENCE ASLEEP?